# 7191 - ہجرت کیا ہے

### سوال

دور حاضر میں اللہ تعالی کے راستے میں ہجرت کیسے ہو گی ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ تعالی کے راستے میں ہجرت یہ ہے کہ شرکیہ ملك سے اسلامی ملك کی طرف منتقل ہوا جائے، جس طرح اہل مکہ کے اسلام قبول کرنے سے قبل مسلمان مکہ سے مدینہ منتقل ہوئے تھے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کے بعد مدینہ دار الاسلام بن گیا تھا، اور انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مدینہ ہجرت کرنے کا مطالبہ کیا تھا.

اور ایك شرکیہ ملك سے کسی دوسرے قلیل شر اور برائی والے ملك کی طرف منتقل ہونے سے بھی ہجرت ہوتی ہے، جہاں مسلمان کو خطرہ کم ہو، جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے کچھ مسلمانوں نے مکہ مکرمہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے.